جب ہم مرتے ہیں تو کیا ہوتا ہے؟

موت اور جی اُٹھنے پر بائبل کا نظریہ

بائبل کے ایمان کی مزید تجدید کے لیے کتابچے کا مطالعہ

انتھونی ایف۔ بوزڈ ایم۔ اے (آکسن)، ایم۔ اے۔ تھ۔

"اِس سے تعجب نہ کرو کیونکہ وہ وقت آتا ہے کہ جتنے قبروں میں ہیں اُس کی آواز سُن کر نکلیں گے۔ جنھوں نے نیکی کی ہے زندگی کی قیامت کے واسطے اور جنھوں نے بدی کی ہے سزا کی قیامت کے واسطے۔" (یوحنا 5: 28-29)۔

Restoration Fellowship
www.restorationfellowship.org
©1986, 2002

باب نمبر1

بائبل کے نقطہ نظر کو حاصل کرنا

اگر عصرِ حاضر کا سیکولر معاشرہ مذہب کے کسی بھی شعبہ میں ایک خفیف سی ہلچل کو قائم رکھے ہوئے ہے، تو یہ یقینا! موت کے بعد کی زندگی کے سوال پر ہے۔ اگر یہ محض نوجوانوں کی چھان بین کے لیے جوابات مہیا کرتا ہے۔ قبر سے باہر زندگی کی حقیقت میں ایمان پس و پیش کرتا دکھائی دیتا ہے، دسمبر 1979 کے ناو میگزین کے ایک مضمون میں ایک ششدر کر دینے والا حوالہ پیش کیا گیا کہ اُن لوگوں کے 50 فیصد جو مسیحی ہونے اور چرچ آف انگلینڈ کے رُکن ہوتے ہوئے چرچ جانے کا دعویٰ کرتے ہیں وہ موت کے بعد زندگی پر ایمان نہیں رکھتے! اور اب، نئے عہد نامے کی اصطلاحات میں، مسیحیت بعد والی زندگی پر ایمان رکھنے کے بغیر مضحکہ خیز تضاد کی نمائندگی کرتی ہے۔ بلاشُبہ، ایماندار کے مستقبل میں جی اُٹھنے پر شک کے رجحان کو پولس کے زور آور الفاظ میں سے کچھ کے طور پر بیان کیا گیا ہے۔ کرنتھس کی کلیسیا کو اُس نے لکھا:

چنانچہ میں نے سب سے پہلے تُم کو وہی بات پہنچادی جو مجھے پہنچی تھی کہ مسیح کتابِ مقدس کے مطابق ہمارے گناہوں کے لیے موُا۔ اور دفن ہوا اور تیسرے دن کتابِ مقدس کے مطابق جی اُٹھا۔ اور کیفا کو اور اُس کے بعد اُن بارہ کو دکھائی دیا ۔ پھر پانچ سو سے زیادہ بھائیوں کو ایک ساتھ دکھائی دیا جن میں سے اکثر اب تک موجود ہیں اور بعض سو گئے۔ پھر یعقوب کو دکھائی دیا۔ پھر سب رسولوں کو۔ اور سب سے پیچھے مجھ کو جو گویا ادھورے دنوں کی پیدائش ہوں دکھائی دیا۔۔۔۔۔ ہم یہی منادی کرتے ہیں اور اسی پر تُم ایمان بھی لائے۔

پس جب مسیح کی یہ منادی کی جاتی ہے کہ وہ مرُدوں میں سے جی اُٹھا تو ہماری منادی بھی بے فائدہ ہے اور تمہارا ایمان بھی بے فائدہ۔ بلکہ ہم خدا کے جھوٹے گواہ ٹھہرے کیونکہ ہم نے خدا کی بابت یہ گواہی دی کہ اُس نے مسیح کو جِلادیا حالانکہ نہیں جِلایا اگر بالفرض مرُدے نہیں جی اُٹھتے۔ اور اگر مرُدے نہیں جی اُٹھتے تو مسیح بھی نہیں جی اُٹھا۔ اور اگر مسیح نہیں جی اُٹھا تو تمہارا ایمان بے فائدہ ہے تُم اب تک اپنے گناہوں میں گرفتار ہو۔ بلکہ جو مسیح میں سو گئے ہیں وہ بھی ہلاک ہوئے۔ اگر ہم صرف اِسی زندگی میں مسیح اُمید رکھتے ہیں تو سب آدمیوں سے زیادہ بدنصیب ہیں۔ (1 کرنتھیوں15: 3-8، 11-19، این ای بی)

یہ ناقابلِ انکار ہے کہ یہ اقتباس ہم عصر الہیاتی تحریر احساسِ جرم کے وزن اور اختیار کے دائرہ کار کی کمی پر محیط ہے۔ ابتدائی مسیحیوں کے لیے، ایک موزوں گواہ بننے کے لیے مسیح کی موت کے بعد اُس کے زندہ ظاہر ہونے کی حقیقت کی سراسر موزونیت تھی جس نے اُن کے ایمان کی بنیاد رکھی۔ یہ اصلاح کہ مسیح مرُدوں میں سے زندہ نہیں ہوا تھا اِسے ساری مسیحیت کو انتہائی غیر اہم ہونے کے طور پر پیش کرتا تھا۔ مساویانہ طور پر سنجیدگی اِس الزام کی طرف اشارہ کرتا تھا کہ شاگرد خطرناک جھوٹ کا پراپوگنڈہ کر رہے تھے۔ مسیح کے مُردوں میں سے زندہ ہونے کے لیے، ایک ناقابلِ موخذہ تاریخی حقیقت اُن کی طرف سے پیش کی جانے والی گواہی تھی جنہوں نے "اُس کے مرُدوں میں جی اُٹھنے کے بعد اُس کے ساتھ کھایا پیا" (اعمال10 :41)، اور اِس ضمانت کو پیش کیا کہ مسیح کے پیروکار بھی موت کے بعد جی اُٹھیں گے، یا بلاشُبہ موت سے مکمل طور پر چھٹکارہ پالیں گے، کیا وہ مسیح کی واپسی تک اپنے وجود کو قائم رکھیں گے۔ تاہم پولس کے لیے، مسیح کی قیامت کی گزشتہ حقیقت اور ایماندار کے جی اُٹھنے کی مستقبل کی حقیقت کے بغیر مسیحیت کا نظریہ حتمی طور پر لغویت پر مشتمل ہو گا۔ نئے عہد نامے کے تمام مصنفین نے اِس ناقابلِ متزلزل احساسِ جرم کو بانٹا۔

نئے عہد نامے کے مصنفین کے ذہنوں میں، موت کے بعد زندگی پر ایمان "آخری چیزوں" (ایسچٹولوجی) کی تعلیم کے ساتھ نہ سلجھنے کے طور پر بند کر دیا گیا تھا جو کہ اب چرچ جانے والوں کی اوسط کے لیے سراسر نامانوس ہے۔ نئے عہد نامے کا ایک ممتاز سکالر، جے۔ اے۔ ٹی۔ روبنسن، بیان کرتا ہے کہ نئے عہد نامے کی ایسچاٹلوجیکل سکیم" سادہ طور پر ایک متبرک کیمپ سے ایک سنجیدہ احتجاج کے طور پر خاموشی سے برخاست" ہو چکی ہے۔۔۔ آج ایک ہم عصر خیال کے لیے آخری چیزوں کی مسیحی تعلیم مرُدہ ہے، اور کسی نے اِسے دفن کرنے کی زحمت نہیں کی" (اِن دی اینڈ گاڈ، صفحہ 27)

یہ ایک حیران کر دینے والا اعتراف ہے۔ یہ ایسا کہنے کے ہم پلہ ہے کہ خالص ایمان کا بنیادی عنصر ہاتھ سے نکل چُکا ہے، اور کوئی ایسا شخص دکھائی نہیں دیتا جو اِس کے کھو جانے پر غور کرے! حقیقت یہ کہ رسولی مسیحیت، اِس کی " آخری زمانہ " کی امتیازی تعلیم کے بغیر، ناقابلِ شناخت ہے۔ سارا نیا عہد نامہ اُس لمحے کی طرف کھنچا چلا جاتا ہے جب تاریخ میں مسیح واپس آئے گا اور زمین پر اپنی بادشاہت قائم کرے گا۔ ہم عصر مذہب، اگر یہ کسی چیز کی کھوج لگاتا ہے، تو اِس طرح ایماندار موت کے لمحے آسمان پر اپنی فوری حضوری کا تجربہ کرنے کی اُمید رکھتا ہے۔

نئے عہد نامے کی مسیحیت کا ایک سنجیدہ بگاڑ رونما ہوتا ہے جب " آخر پر " قیامت کی مرکزی تعلیم کو نام نہاد " فوری حالت " میں شخصی بچاو کی حمایت میں سے نکال دیا جاتا ہے۔ کیونکہ مرُدوں میں سے جی اُٹھنا مسیحیت کا ایک بڑا وعدہ ہے۔ ایمان کا نرالا پن کا انحصار اِس کی اہمیت پر ہے جسے یہ قیامت کے ساتھ منسلک کرتی ہے۔ ہم یہاں اِس مسئلے سے دوچار ہیں جسے آنے والی زندگی کے ہم عصر نظریات سے پیش کیا گیا ہے۔ سوال جسے کلام کے اُساتذہ اور مبلغین سنجیدگی سے لیتے ہیں وہ یہ کہ ہم کتنا زیادہ قیامت کی بائبلی تعلیم سے دستبردار ہو چُکے ہیں۔ اِسے قبول کیا گیا ہے کہ ہمارا آسمان پر جانے کا روایتی قیاس جب آپ مرتے ہیں " یہ محض قیامت کے ساتھ ایک باریک سے گٹھ جوڑ کے ساتھ جاری رہتا ہے، اگر یہ در حقیقت بالکل زائد طور پر انجام نہیں دیا جاتا۔

اِس مطالعہ کا مقصد یہ دکھانا ہے کہ نیا عہد نامہ یسوع مسیح کی واپسی (دی پاروسیہ) سے متعلقہ تعلیمات کے سیاق و اسباق کے ساتھ موت کے بعد زندگی کے بارے بنیادی طور پر سادہ اور مستقل تعلیم کو پیش کرتا ہے۔ نئے عہد نامے کی اصطلاحات میں اِن دونوں موضوعات کو الگ کرنا ناممکن ہے، اور اِن کے درمیان جو زبتدائی کلیسیا کے نظریہ کی غلط فہمی کی طرف راہنمائی کرتا ہے اُن کے ساتھ اِس تعلق کی ناکامی کو دیکھنا ہے۔

مستقیم اصطلاحات میں اِس معاملے کو رکھنے کے لیے، نیا عہد نامہ ایک سادہ دعویٰ پیش کرتا ہے کہ، مشہور روایت کے مقابلہ میں، تمام مردہ در حقیقت مرُدہ ہیں، بے ضمیر ہیں، " نیند کی حالت میں ہیں " ، اور آنے والی تاریخ کے خاص لمحے پر زندگی کے لیے جی اُٹھنے کے رونما ہونے کے انتظار میں ہیں۔ روایتی الہیات ایک انفرادی ایسٹالوجی میں تبدیل ہو چُکی ہے

نئے عہد نامے کی اُس مستند ایسٹالوجی کے لیے، جو موت کے لمحے پر زور دینے کے وسیلہ، نئے عہد نامے کی قیامت کی زائد مرکزی تعلیم کو انجام دے چکی ہے۔ کیونکہ اگر جُدا ہوئے ایماندار اب " آسمان میں " مسیح کے ساتھ ہیں، تو قبر میں سے اُن کے زندہ ہونے کا ممکنہ طور پر کیا مطلب ہو سکتا ہے؟ اور اگر بدکار مرُدوں کو پہلے ہی سے سزا دی جا چکی ہے، تو عدالت کے لیے آنے والی قیامت کیا مقام ہو گا؟ نئے عہد نامے کو اِن مسائل کا سامنا نہیں کرنا ہے۔ اِس کا اسلوب محض مستند تجربے کے طور پر جلالی زندگی کے لیے " جاگتے رہنے " کے ساتھ ہے، جس میں پُرانے اور نئے عہد نامے کے اوقات کے تمام ایماندار مرُدہ اُس آنے والے وقت کے ایک ہی لمحے میں حصہ لیں گے۔ نیا عہد نامہ در حقیقت دو قیامتوں کے بارے سکھاتا ہے۔ پہلی میں صرف مسیحی مردے شامل ہیں، جو مسیح کی واپسی پر رونما ہوتی ہے۔ دوسرے وہ " تمام باقی ماندہ " مردے شامل ہیں جو صدی کے اختتام پر ہونگے۔ (مکاشفہ 20 : 1 - 6، 1 کرنتھیوں 15 : 23)۔

افسوس کے ساتھ نیا عہد نامہ مکمل طور پر فرق ذہنی ترکیب کے ساتھ پڑھا گیا، اور اِسے پڑھا جا رہا ہے۔ اُن ناقابلِ اعتراض قیاس کے اثر سے کہ انسان بدن اور جُدا ہونے والی ضمیر روح کا مرکب ہے، اوسطاً پڑھنے والے نئے عہد نامے کی دستاویز کو ایک مشہور غیر بائبلی نظریہ کے طور پر کسی نئی چیز کے طور پر کرنے کی کوشش کرتے ہیں کہ مرُدہ موت کے وقت فوری طور پر جنت یا جہنم میں چلے جاتے ہیں۔ اب، حیرانگی کے طور پر، جیسے جے۔ اے۔ ٹی۔ روبنسن درست طور پر بیان کرتا ہے: " بائبل میں، جنت (آسمان) مرنے کا کوئی مقام یا منزل نہیں ہے " (اِن دی اینڈ گاڈ، صفحہ 105)۔ موت اور " آخری چیزوں " کی تعلیم کے منظر پر اصل مسیحیت کا خلاصہ پیش کرتے ہوئے، نئے عہد نامے کے طالبِ علم رسولی مکتبہ فکر میں براہِ راست حصہ لینے کے قابل ہو جائیں گے، جو کہ نیا عہد نامہ ہمیں خود مسیح کے ذہن کے طور پر شناخت کرنا سکھاتا ہے۔ بے شک، یہ قیاس کرنا موزوں ہے کہ پولس کی تحریریں با اختیار مسیحی نظریہ کو پیش کرتی ہیں، کیونکہ مسیح کے اپنے بہت سے شاگرد پولس کے ہم عصر تھے اور وہ اُن کے ساتھ مشاورت کرنے کے اِس موضوع پر اپنی تعلیمات کی تصدیق کر سکتا تھا۔ نئے عہد نامے کے نقطہ نظر کو قائم کرتے ہوئے، پیروسیہ (دوسری آمد) پر قیامت کی تجدید کے لیے اِس پر زور دیا جائے گا

یہ ظاہری تناسب سب کچھ رکھے گا لیکن روایتی ایمان سے منسوخ کیا جائے گا۔

یہ جان روبنسن کی کتاب، اِن دی اینڈ گاڈ سے مزید حوالہ پیش کیا جائے گا، بہت پیشگی اِس عام بیان کی حمایت میں کہ موت اور" آخری چیزوں" کے مقام پر نئے عہد نامے کا نظارہ ہم عصر اعتقاد کے ساتھ مکمل طور پر عدم مطابقت رکھتا ہے۔ کسی طرح یہ حقیقت منبر تک نہ پہنچ پائی، محدود نشست تک ہی رہی(کم از کم چرچ آف انگلینڈ میں)، اگرچہ نئے عہد نامے کی الٰہیات پر لکھنے والوں نے صورتِ حال کو بہت واضح کیا:

مسیحی ایسکٹالوجی میں جدید انسان کی دلچسپی، اگر وہ اِس میں دلچسپی رکھتا ہے، اور موت کے لمحے اور حقیقت پر متفق ہے۔ وہ جاننا چاہتا ہے کہ آیا کہ وہ اِس سے بچ جائے گا، اور کس قسم میں، وہ جاننا چاہتا ہے کہ وہ" دوسری جانب سے" کس چیز کی اُمید رکھتا ہے، آسمان کس طرح کا ہو گا، آیا کہ وہاں جہنم جیسا کوئی مقام ہو گا، اور مزید اِس طرح۔ لیکن ایسا ذہن نشین کرنے کے ایک دھچکے کے طور پر آتا ہے کہ یہ نقطہ نظر کتنا پرایا ہے، جسے ہمیں نئے عہد نامے کی مکمل تصویر کے طور پر بخشا گیا ہے، جس پر قیاس کرنے کے طور پر مسیحیت کی بنیاد ہے(اِن دی اینڈ گاڈ، صفحہ 42)۔

پڑھنے والے شاید اِس بات پر متفق ہونگے کہ یہ اُس کے اپنے تجربے کا صاف بیان ہے۔ مجھے دادے کی موت کے بارے بتایا جانا یاد ہے۔ مجھے اُس وقت بارے قیاس کرنا اچھی طرح یاد ہے کہ میرا دادا یقیناً اب" آسمان پر ہے" ۔ تھوڑا سا جو میں جانتا تھا وہ یہ کہ مجھے اِس معاملے کے مشہور خیال کو قبول کرنا تھا، لیکن یقینی طور پر پہلی صدی کی مسیحی تعلیم کو نہیں۔

ڈاکٹر روبنسن کے الفاظ کا لب لباب یہ ہے کہ،" کس بنیاد پر مسیحیت کو قیاس کیا جاتا ہے،" اِس کا حد سے زیادہ تخمینہ نہیں لگایا جا سکتا، کیونکہ وہ ایک غیر معمولی حقیقت کا سُراغ دیتے ہیں کہ روایتی خیالات اور نئے عہد نامے کی تعلیم علیحدہ علیحدہ ستون ہیں اور ساری مسیحیت کے لیے بہت اساسی ہیں۔ تب، نئے عہد نامے کا کیا مقام ہے؟

کیونکہ نئے عہد نامے میں، وہ نقطہ جس کے چوگرد اُمید اور دلچسپی گردش کرتے ہیں یہ موت کی حالت بالکل نہیں ہے، بلکہ پاروسیہ، یا اپنی بادشاہی کے جلال میں مسیح کے ظاہر ہونے کا دن ہے۔۔۔ دلچسپی اور توقعات کا مرکز جاری رہا ، نئے عہد نامے کے وسیلہ، ابنِ آدم کے دن پر اور زمین پر اُس کی بادشاہی کی فتح توجہ مرکوز کی گئی۔ یہ تمام مقدسین کے ساتھ خداوند یسوع مسیح کا راج(دورِ حکومت) تھا جنہوں نے مسیحیوں کے خیالوں اور دعاوں کو مشغول رکھا، نہ کہ قبر کے پہلو سے بالاتر اُن کے اپنے منظر کو۔ یہ ایک سماجی اُمید تھی، اور یہ تاریخی تھی۔

لیکن دوسری صدی عیسوی کے آغاز پر، یہاں کششِ ثقل کا تغیر شروع ہوا جس کی راہنمائی زمانہ وسطیٰ کی طرف سے بہت مختلف طریقہ سے کی جاتی تھی۔

جہاں مسیحی فرسودہ سوچ میں جس لمحے اُس شخص کی موت ہو جاتی ہے مکمل طور پر خداوند کے عظیم دن اور آخری عدالت کے سپرد کر دی جاتی ہے، بعد ازاں نظریہ میں یہ ایک موت کی گھڑی ہے جو فیصلہ کن بنتی ہے(اِن دی اینڈ گاڈ، صفحات، 42، 43، تاکید کا اضافہ)

معنی خیز نقطہ یہ ہے کہ سوچ میں بنیادی تغیر اُس وقت رونما ہوا جب نئے عہد نامے کی دستاویز کی ریکارڈنگ کے ساتھ رسولی ایمان مکمل ہوا۔ اِس تغیر کی وجہ" ایک مشکل تعلیم تھی" جو اُن مفکرین کے ساتھ منسوب ہوئی جو روح کی فطرت کے بارے خیالات کے ساتھ ہیلینک(جیسے کہ یونانی) کے ساتھ متعارف ہوئی جو عبرانی، بائبلی نظریات کے اُلٹ تھی۔ یہ ادراک کرنا ایک ہم عصر طالبِ علم کے لیے ضروری تھا کہ وہ وراثتی ہے، غالباً بغیر کسی سوال کے، ایک غیر بائبلی ہیلینک نظریہ۔ اگر وہ مسیح اور سولوں پر اپنے ایمان کی بنیاد رکھتا، تو یہ ہلینک نظریہ یقیناً جا چُکا ہوتا۔

بلاشُبہ، یہاں تعلیمی نظریات کے تعارف کے خلاف نئے عہد نامے کے صفحات میں ایک متبرک خبرداری ہے جو بے سود بندگی کو انجام دیتی ہے، اگرچہ مسیح اور خداوند اِس بندگی کی چیز کے طور پر قائم ہیں:

" اور یہ بے فائدہ میری پرستش کرتے ہیں کیونکہ انسانی احکام کی تعلیم دیتے ہیں"(متی 15 : 9)، "پس تُم نے اپنی روایت سے خدا کا کلام باطل کر دیا"(متی 15 : 6) یہ" بہت سے" ہیں جو مسیح کی واپسی کے دن احتجاج کریں گے کہ ہم نے مسیح کے نام پر تعلیم دی صرف یہ دریافت کرنے کے لیے کہ اُن کے کام کو کبھی مسیح کی طرف سے پہچان نہ ملی!" اُن دن بہتیرے مجھ سے کہیں گے اے خداوند! اے خدا! کیا ہم نے تیرے نام سے نبوت نہیں کی اور تیرے نام سے بدروحوں کو نہیں نکالا اور تیرے نام سے بہت سے معجزے نہیں دکھائے؟ اُس وقت میں اُن سے صاف کہہ دونگا کہ میری کبھی تُم سے واقفیت نہ تھی۔ اے بدکارو میرے پاس سے چلے جاو۔"(متی 7 : 22 - 23)۔ کوئی اِس پر حیران ہوتا ہے کہ اگر اِن بے سکون خبرداریوں کو سنجیدہ طور پر لیا گیا۔

ابدیت پر بائبل کا نظریہ

یہ مشہور خیال کہ نیک لوگ موت کے وقت فوراً آسمان پر چلے جائیں گے اور بیرے لوگ" دوسری جگہ پر" جسے ہیلنک تعلیم میں پایا گیا ہے

کہ اُس شخص کے پاس لافانی روح ہے، جو خاصیت کے اعتبار سے موت کے تابع نہیں ہو سکتی۔ بائبل کی اصطلاحات اور اقتباس اِس نقطے پر پیدائش سے لیکر مکاشفہ تک بہت مستحکم ہے۔ انسانی مخلوقات فطرت کے اعتبار سے لافانی نہیں ہیں۔
بلاشُبہ، اصطلاح" روح" (جان) کو" زندہ مخلوق" یا" شخص" کے مترادف کے طور پر استعمال کیا گیا ہے۔ یہ کہنا درست ہو گا کہ انسان ایک روح (جان) ہے، یہ نہیں کہ اُس کے پاس روح ہے 1۔ جانداروں کو روحوں کے طور پر بیان کیا گیا یت م اور روح (جان) مُردہ ہو سکتی ہے (گنتی 6 :6، اصل عبرانی)۔ مندرجہ ذیل اقتباسات ہمارے موضوع کے تعارف کو واضح کریں گے یہ نقطہ بیان کرنے کے لیے کہ عبرانی سوچ کہ روح فانی ہے اور ابدیت صرف خدا کے قبضے میں ہے، اور یہ وراثتی طور پر انسان کے پاس نہیں ہے:

حزقی ایل 18: 4، 20: " جان جو گناہ کرتی ہے۔ یقیناً مرے گی۔"

رومیوں 2 :7" جو نیکوکاری میں ثابت قدم رہ کر جلال اور عزت اور بقا کے طالب ہوتے ہیں اُن کو ہمیشہ کی زندگی دے گا۔"

1 تیمتھیس 6 : 15، 16:" خداوندوں کا خدا، جو اکیلا ابد تک ہے۔"

2 تیمتھیس 1 : 10" یسوع جس نے خوشخبری کے وسیلہ ابدیت کو ظاہر کر دیا"

یہ ایسی تعلیم ہے، جیسے جے۔ اے۔ ٹی۔ روبنسن کہتا ہے،" الہیاتی طور پر خاص خاص باتیں لیکن حیران کر دینے کے طور پر نامانوس۔۔۔ کیونکہ یہ ابھی تک تقریباً کائناتی طور پر پرورش پایا گیا ایمان ہے کہ روح کی لافانیت مسیحی ایمان کا عقیدہ ہے، اِس حقیقت کے علاوہ کہ اِس کا انحصار الہیاتی قیاس آرائیوں پر ہے جو خدا اور انسانی کی بائبلی تعلیم کی عدم مطابقت کے ساتھ بنیادی ہیں" (اِن دی اینڈ گاڈ، صفحہ 91)۔ انسان کی فطرت کے نظریہ کے ساتھ یک رنگ ہوتے ہوئے، بائبل دونوں عہد ناموں میں مرُدہ ہونے کی حالت کو اِس طرح بیان کرتی ہے کہ ایک بچہ اِسے آسانی سے سمجھ سکتا ہے:

زبور 13 :3"میری آنکھیں روشن کر ایسا نہ ہو کہ مجھے نیند آجائے۔"

زبور 6 :5" کیونکہ موت کے بعد تیری یاد نہیں ہوتی۔"

زبور 146 : 4" اُس کا دم نکل جاتا ہے تو وہ مٹی میں مِل جاتا ہے۔ اُسی دن اُس کے منصوبے فنا ہو جاتے ہیں۔"
کیونکہ زندہ جانتے ہیں کہ وہ مریں گے پر مرُدے کچھ بھی نہیں جانتے۔"

بعد ازاں پُرانے عہد نامے کے خیال میں قیامت کی تعلیم واضح طور پر سامنے آتی ہے، لیکن یہ قیامت ہمیشہ مرُدوں کی ہے(زندوں کی نہیں!) اور یہ موت سے زندہ ہونے کی قیامت ہے، یہ ایک ایسٹالوجیکل واقعہ ہے، جو" آخر پر" رونما ہوتا ہے۔

دانی ایل12 :2" اور جو خاک میں سورہے ہیں اُن میں سے بہتیرے جاگ اُٹھیں گے، بعض حیاتِ ابدی کے لیے اور بعض رسوائی اور ذلتِ ابدی کے لیے۔"

نیا عہد نامہ، پُرانے عہد نامے میں اپنی جڑیں رکھتا ہے، اور یہ بڑی اُمید کے ساتھ ایک ہی اُمید پر حق جتاتے ہیں:

یوحنا5 : 28، 29:"کیونکہ وہ وقت آتا ہے کہ جتنے قبروں میں ہیں اُس کی آواز سُن کر نکلیں گے۔ جنھوں نے نیکی کی ہے زندگی کی قیامت کے واسطے اور جنھوں نے بدی کی ہے سزا کی قیامت کے واسطے۔"

1 کرنتھیوں15 : 22، 23:"مسیح میں سب زندہ کیے جائیں گے۔ لیکن ہر ایک اپنی اپنی باری سے۔ پہلا پھل مسیح۔ پھر مسیح کے آنے پر اُس کے لوگ۔"

اِس ظاہری تناسب کے ساتھ مکمل طور پر ہم آہنگی، ابراہام، داود، اور بلاشُبہ پُرانے عہد نامے کے تمام بہادروں کی موجودہ حالت بارے بیانات ہیں۔

عبرانیوں 11: 13، 14:"یہ سب (پُرانے عہد نامے کے ایمانی ہیروز) ایمان کی حالت میں مرے اور وعدہ کی ہوئی چیزیں نہ پائیں۔۔۔ یہ کہ وہ ہمارے بغیر کامل نہ ہونگے۔"

اعمال2 : 29، 34:"داود مؤا اور دفن بھی ہوا۔۔۔ کیونکہ وہ آسمان پر نہیں چڑھا۔(پطرس) اور اس آیت سے مختلف یہ بیان، عبرانیوں4 : 14:" پس جب ہمارا ایک ایسا بڑا سردار کاہن ہے جو آسمانوں سے گذر گیا، یعنی خدا کا بیٹا یسوع۔"

یہ الفاظ کے معنی کی کسی بھی فطرتی سمجھ کے اُلٹ ہیں کہ وہ آدمی جنہوں نے لکھا وہ ایمان رکھ سکتے تھے کہ ایمان کے وہ ہیروز(بہادر) " آسمان" پر اپنا اجر پانے کے لیے پہلے ہی سے جا چکے تھے۔ بلاشُبہ، خود مسیح نے کہا کہ" کوئی انسان آسمان پر نہیں چڑھ سکتا"(یوحنا3 :13)۔2 نئے عہد نامے کے مطابق صرف مسیح" اُن سوئے ہووں میں سے پہلوٹھا" بننے کے لیے مُردوں میں سے جی اُٹھا ہے(1 کرنتھیوں15 :20)۔ نئے عہد نامے کا ٹھوس پیغام یہ ہے کہ مرُدے جو اب" سوئے ہوئے" ہیں ایک استعارہ جو جس کا فطرتی طور پر مطلب یہ ہے کہ وہ کچھ وقت کے لیے

بے پرواہی، اطمینان، گردشِ دوراں سے بے بہرہ ہیں، اُن عظیم لمحے کا انتظار کر رہے ہیں جس کی طرف پورا نیا عہد نامہ کھنچتا ہے، جب مرُدے زندہ ہوتے ہیں اور" یہ ایک پل میں۔ پچھلا نرسنگا پھونکتے ہی ہو گا۔"(1 کرنتھیوں15 :52)۔

آنے والے وقت پر موت کی نیند سے " جاگنے " کے طور پر اقیامت کا نظریہ نئے عہد نامے کی تحریروں کے ساتھ انصاف کرتا ہے، اور یہ نظریہ دانی ایل12 : 2میں جی اُٹھنے کے شاندار حوالے میں پایا گیاہے، جہاں ہم خوشی یا غم کے لیے قیامت کی پیروی کرتے ہوئے سکون کی نیند کے طور پر زندگی کے بعد کی تفصیلات کو رکھتے ہیں۔(مقدس پولس کی الہیات، ڈی۔ ای۔ ایچ۔ وسلے، صفحہ 266)۔ ہیلنک خیال کہ موت کے وقت روح جسم سے جُدا ہو جاتی ہے یہ پُرانے اور نئے عہد نامے کی سکیم کی بالکل سیدھی تردید ہے، اور مسیحی سوچ میں اِس کا تعارف ابتری کی طرف راہنمائی کرتا ہے۔ ہم کس قسم کی سکیم کی سمجھ کو بنا سکتے ہیں جو موت کے وقت ہر مسیحی کو مرنے کے وقت آسمان میں مقام دے(اگرچہ داود" آسمان پر اُٹھایا نہیں گیا تھا)، بلکہ اُسے محض قبر میں سے اُٹھایا گیا تھا، اُس کے تمام ساتھیوں کے ساتھ عبرانی اور ہیلنک موافقت کی کوشش کے لیے نظام(اصول) صرف جسم کے جی اُٹھنے کے خیال کی طرف راہنمائی کر چکے ہیں، اِس مفہوم کی طرف اشارہ کرتے ہوئے کہ روح پہلے ہی سے" زندہ" ہے۔ لیکن ایسی زبان سراسر بائبل کے منافی ہے۔ کلام کہیں بھی جسم یا بدن کی قیامت کے بارے بات نہیں کرتے۔ یہ محض مرُدوں کی جی اُٹھنے کے بارے بات کرتے ہیں۔ خاص طور پر ایسا کہا گیا ہے، جیسا دکھایا گیا تھا، یہ کہ خود داود، اپنی ساری شخصیت میں، آسمان پر نہیں تھا، اور یہ کہ وہ مردہ تھا، نا صرف اُن کے بدن، قیامت کا انتظار کرتے ہوئے قبر میں سو رہے ہیں(سی ایف۔ انگریزی لفظ" قبرستان" یویانی میں کیمیٹرون،" سونے کی جگہ") ۔ یہ مردہ لوگوں کی قیامت ہے جس کی نیا عہد نامہ منادی کراتا ہے نہ کہ مرُدہ جسموں کی قیامت کی" زیادہ تر توڑ پھوڑ اور تکرار جس نے کلیسیا کو دق کیا، وہ ڈین آف یارک مشاہدہ ہے، مسیحی کمیونٹی کے حصوں اور عقائد کی ضدوں کے ذریعہ یہ صورتِ حال پیدا ہوئی ہے جس میں ایسے الفاظ استعمال کیے گئے ہیں۔

جو نئے عہد نامے میں نہیں پائے جاتے" (کرسچن ورڈز میں سے حوالہ منجانب نیگل ٹرنر، صفحہ 8)۔

وفادار مرُدوں کی آنے والی قیامت کی نئے عہد نامے کی توقع کی بھرپور تفصیل، اور پیروسیا تک وفاداری کا تغیر 1 تھسلینکیوں 4 : 13 -18 میں قلمبند کیا گیا ہے"

"اے بھائیو! ہم نہیں چاہتے کہ جو سوتے ہیں اُنکی بابت تُم ناواقف رہو تاکہ اوروں کی مانند جو نااُمید ہیں غم نہ کرو۔ کیونکہ جب ہمیں یہ یقین ہے کہ یسوع مرگیا اور جی اُٹھا تو اُسی طرح خدا اُنکو بھی جو سوگئے ہیں یسوع کے وسیلہ سے اُسی کے ساتھ لے آئے گا۔ چنانچہ ہم تُم سے خداوند کے کلام کے مطابق کہتے ہیں کہ ہم جو زندہ ہیں اور خداوند کے اانے تک باقی رہیں گے سوئے ہوؤں سے ہرگز آگے نہ بڑھیں گے۔ کیونکہ خداوند خود آسمان سے للکار اور مقرب فرشتہ کی آواز اور خدا کے نرسنگے کے ساتھ اُتر آئے گا اور پہلے تو وہ جو مسیح میں موئے جی اُٹھیں گے۔ پھر ہم جو زندہ باقی ہونگے اُنکے ساتھ بادلوں پر اُٹھائے جائیں گے تاکہ ہوا میں کداوند کا استقبال کریں اور اِس طرح ہمیشہ خداوند کے ساتھ رہیں گے۔ پس تُم اِن باتوں سے ایک دوسرے کو تسلی دیا کرو۔" (این ای بی)۔

اِس اقتباس سے یہ واضح ہے کہ پولس یہ خواہش رکھتا ہے کہ تھسلینکیوں اِس بات کو سمجھیں کہ وہ جو پہلے ہی سے مرچکے ہیں وہ اُن کے مقابلہ میں جو زندہ ہیں وہ اس غیر مفید ہونے کو نہ رکھیں گے جب تک کہ قیامت نہیں آجاتی۔ لیکن قیاس کرنے کے لیے یہ مشاہدہ بہت مشکل خیال ہے جس پر پولس کا ایمان تھا کہ مرُدہ پہلے ہی سے مسیح میں" روحانی مسرت" میں تھے۔ بلاشُبہ، 1 کرنتھیوں 15 میں، وہ زور دیتا ہے کہ جب تک یہاں آنے والی قیامت رونما نہیں ہو جاتی اُن کے لیے جو مسیحیوں کے طور پر مرے جب تک وہ ہلاک نہیں ہو جاتے۔ یہ سادہ طرح جھوٹ ہے اگر حقیقت میں مردہ لافانیت یا ضمیر کو فوری طور پر حاصل کرتے ہیں، اُس قیامت سے الگ ہو کے۔ پولس کا نظریہ ہے کہ آخر پر قیامت ہی لافانی ہونے کو عنایت کر سکتی ہے۔

ذہن میں ایسی سوچ بچار کو رکھتے ہوئے ہم انسانی کی فطرت کی پُرانے عہد نامے کی تعریف کی قریبی جانچ کے عمل کو رکھتے ہیں، اور خاص طور پر پُرانے عہد نامے میں الفاظ" جان" اور" روح" کے استعمال کو۔ یہ یقین دلائے گا کہ ہم بعد ازاں اُن اصطلاحات کے لیے نئے عہد نامے کی تعریفوں عبرانی سوچ کے ساتھ رکھیں گے، اور نہ کہ اُن یونانی پلاٹانک نظام کی لاگو کردہ تعریفوں کو۔

باب نمبر2

انسان کی بائبل کے اعتبار سے تعلیم

انسان کی بائبلی تعلیم کی جانچ کے لیے مطالعہ کرنے والے کو مدعو کرنے کے لیے، یہ بہت اہم ہے کہ ہم اِس پر زور دیں کہ یہ نظریہ کتنا عمیق ہے کہ انسان کی بنیادی شخصیت "روح" یا "جان" میں سکونت کرتی ہے، جو عارضی طور پر جسمانی بدن کو مسکن بناتی ہے۔ موت کو کسی دوسرے مقام پر روح کی باضمیر تبدیلی کے طور پر دیکھا جائے گا۔ ایک مثالی والدین، اِس بارے اُس نوجوان کے سوالوں کا جواب دینے میں راہنما ہونگے کہ "کیا ہوتا ہے جب آپ مرتے ہیں" یہ "حرکت کرنے والے گھر" سے ایک نئی جگہ کو بیان کرے گا، یا، اِس بدن کی مزاحمت کے بہاو کو بیان کرے گا تاکہ اصل شخص بچ سکے، قبرستان کو کپڑے رکھنے والے کمرے کے طور پر دکھایا جائے گا جس میں ہمارے عارضی کپڑے برطرف کیے جاتے ہیں۔

"آپ کے ساتھ کیا رونما ہوتا ہے جب آپ مرتے ہیں؟" بچوں سے پوچھے جانے والے سوالوں میں، جرمی ہوگس کی جانب سے چھ سالہ بچے سے پوچھیے، جو چرچ آف انگلینڈ کے پادریوں میں سے ایک کی بیوی ہے۔ والدین کو جواب دینے کے لیے مشاورت کی جاتی ہے، "جب ہم مرتے ہیں، ہم اپنے جسموں کو پیچھے چھوڑتے ہیں کیونکہ اب وہ ہمارے استعمال میں نہیں رہتے۔ اور ہم اُسے حاصل کرتے ہیں جو درحقیقت آپ کے لیے اور میرے لیے، ہم سب کے لیے حقیقی ہے ---ہماری اصلیت آسمان پر چلی جاتی ہے" (صفحہ 47)۔ یہ دکھانے کے لیے کوئی کوشش نہیں کی جاتی کہ یہ ممکنہ طور پر کیسے ہو سکتا تھا جو یسوع اور رسولوں نے سکھایا۔

افلاطونی روک تھام

اب جبکہ یہ سچ ہے کہ ایسی زبان نئے عہد نامے میں ایک واحد اقتباس کے لیے کسی نسبت کو پیدا کرتی ہے (2 کرنتھیوں 5 : 1 -8)، یہ افلاطونی فلسفہ کی زبان کے لیے بہت زیادہ مشابہت کو پیدا کرتی ہے۔

یہ در حقیقت انسان کی تعریف سے شروع ہوتی ہے جو بائبل کے مصنفین کے سکوپ سے باہر خاموش رہتی ہے۔ ہمارا" بدن اور روح کو رکھنے" کے بارے جُملہ بدن اور روح کی علیحدگی کے طور پر موت کے مسیحی بااختیار نظریہ کو منعکس کرنے کے لیے لیا گیا ہے۔ لیکن ایسی سوچ کا ذریعہ کونسا ہے؟ کلام کی پرکھ ہمیں دکھائے گی کہ بائبل کے مصنفین بدن کو چھوڑنے کے بعد روح یا جان کے باخبر ضمیر کے وجود کے علیحدہ ہونے کے بارے کچھ نہیں جانتے تھے۔ مشہور منادی میں، الفاظ" جان" اور" روح" کو اکثر انسان کے اُس حصے کی طرف حوالہ پیش کرنے کے لیے تبادلہ کے طور پر استعمال کیا جائے گا جسے موت سے بچنے کے لیے قیاس کیا گیا ہے اُس شخص کو ساتھ ساتھ رکھتے ہوئے جو مکمل ہوشمندی کو رکھتا ہے، اگرچہ وہ بدن کے بغیر ہے۔ لیکن موت کی بات کرتے ہوئے نیا عہد نامہ روح اور جان میں الجھن پیدا نہیں کرتا۔ نہ ہی یہ کبھی صلاح دیتا ہے کہ انسان اپنے بدن سے جُدا ہو کے باخبر ضمیر کو قائم رکھ سکتا ہے۔ اصطلاحات" جان" اور" روح" نئے عہد نامے میں قائم رہتی ہیں، عام طور پر بات کرتے ہوئے، اِس کے معنی پُرانے عہد نامے کی طرف سے اُنہیں عطا کیے گئے تھے (اگرچہ نئے عہد نامے میں" روح" روح القدس کی جانب سے بلند مرتبہ زندگی کے ساتھ منسلک ہے)۔

جان کے بارے افلاطونی نظریہ جیسے کہ ایک حقیقی شخص موت سے بچ رہا ہے وہ انسان کے خالص طور پر مسیحی نظریہ کی کسی بھی سمجھ کے لیے ایک ثابت قدم نظریہ کو پیدا کرتا ہے۔ مزید براں، یونانی تصور سنجیدگی کے ساتھ دونوں یسوع اور تمام ایمانداروں کی قیامت کی مرکزی بائبلی تعلیم کے ساتھ مداخلت کرتا ہے۔ یہ حقیقت لگاتار، الہیات کے مصنفین کی جانب سے واضح طور پر بیان کرتی ہے کہ اگرچہ، اُن کا احتجاج توجہ نہ دیے جانے کے طور پر دکھائی دیتا ہے۔ انسان کے بارے ہمارے روایتی سوچ کے انداز کے ساتھ جُڑے رہنا، خاص طور پر موت کے تعلق میں، یہ کھلے ذہن کے ساتھ ہمیں اِس تک پہنچنے کے قابل نہیں بناتا۔ اِس کے باوجود، یسوع اور شاگردوں کی جانب سے بانٹے گئے نقطہ نظر تک پہنچنے کے لیے ہمیں موثر طور پر تصور پیش از وقوع کو ایک طرف رکھنا چاہیے جسے پہلے نئے عہد نامے کے یونانی اثر کے وسیلہ ذہن نشین کیا گیا تھا، اور جس پر نئے انداز سے انسانی کی بائبلی تعلیم پر غور کیا گیا تھا۔

سوئس ماہر الہیات، آسکر کالمن کا امتیاز، جان (روح) کی افانیت کے یونانی ایمان کے لیے مسیحیت کے اِس کے ساتھ منسوب ہونے کی بڑی غلطی" کی طرف حوالہ پیش کرتا ہے۔ (قیامت یا ابدیت، صفحہ 6)۔

وہ وسیع پیمانے پر قبول کیے جانے والے نظریہ کے طور پر روح کی ابدیت کے بارے بات کرتا ہے لیکن، "مسیحیت کی سب سے بڑی غلط فہمیوں میں سے ایک" ہے۔ یہاں وہ کہتا ہے، " کہ اِس حقیقت کو پوشیدہ رکھنے کا کوئی نقطہ موجود نہیں ہے، یا مسیحی ایمان میں دوبارہ کی جانے والی مداخلت کے ساتھ اِس پر پردہ پوشی کا نقطہ موجود نہیں ہے۔ یہ ایک ایسی چیز ہے جس پر صاف صاف طور پر بات چیت کی جانی چاہیے"(ابد، صفحہ 15)۔ اِن مشاہدات کے ساتھ ہم دل سے متفق ہیں۔ امریکی ماہرِ الہیات جی۔ ای۔ لیڈ بیان کرتا ہے کہ لافانیت کے لیے بائبل کی اُمید کو سمجھنے کے لیے ہمیں سب سے پہلے انسان کی بائبلی نظریہ کو سمجھنا ہے۔ وہ کہتا ہے، یہ تصور، انسان کے یونانی تصور کے ساتھ متفرق طور پر قائم رہتا ہے۔ انسان کے بارے بااثر یونانی تصورات میں سے ایک افلاطونی نظریہ کا مقابلہ کرتا ہے اور یہ اکثر مسیحی الہیات پر مضبوط اکثر رکھتا تھا۔ یہ کہ انسان بدن اور روح کا مجموعہ ہے۔ روح غیر فانی ہے اور ' نجات" کا مطلب دُنیا کے مظہر قدرت کے بوجھ سے بچنے کے لیے موت کے وقت روح کا نکل جانا یا اُڑ جانا ہے اور ابدی حقیقت کی دُنیا میں بھرپوری کو پانا ہے۔" موت کے اِس نوکیلے نظریہ کے مقابلہ میں، ڈاکٹر، لیڈ نشاندہی کرتا ہے کہ جسم۔۔۔ نہ تو انسان کی جان اور نہ ہی روح کو انسان کے غیر فانی حصے کے طور پر دیکھا گیا ہے جو موت سے بچتا ہے۔ بائبل کا لفظ روح عملی طور پر شخصی اسم ضمیر کے مترادف ہے۔ *موت کے بعد یہاں غیر فانی روح کے وجود کا تصور نہیں ہے*" (میں یسوع کے جی اُٹھنے پر ایمان رکھتا ہوں، صفحہ 45، میری تاکید)۔

مسیحی ایمان پر یونانی فلسفہ کے دیرپا اثرات کو جی۔ اے۔ ایف۔ نائٹ کی جانب سے اپنی کتاب شریعت اور فضل میں بیان کیا گیا ہے(صفحات، 79، 19)۔

آج بہت سے لوگ، یہاں تک کہ ایمان رکھنے والے لوگ، اپنے ایمان کی بنیاد کی سمجھ سے بہت دور ہیں۔۔۔ وہ سراسر غیر تحریری طور پر دُنیا کی سمجھ کے لیے جس میں وہ رہتے ہیں خدا کے کلام پر انحصار کرنے کی بجائے یونانیوں کے فلسفے پر ایمان رکھتے ہیں! اِس کا نمونہ روح کی لافانیت میں مسیحیوں کے مابین غالب ایمان میں پایا جاتا ہے۔ بہت سے ایماندار اِس دُنیا کو حقیر جانتے ہیں، وہ دُنیا میں کسی بھی مطلب سے نفرت کرتے ہیں جہاں دُکھ اور دباو کا بول بالا دکھائی دے۔ اور پھر وہ بدن کے بوجھ سے چھٹکارہ پانے کے لیے اپنی روحوں کے لیے سکون کی تلاش کرتے ہیں اور اِس طرح وہ" روح کی دُنیا میں داخلے" کی اُمید کرتے ہیں جیسے وہ اِسے، ایسی جگہ کہتے ہیں جہاں اُن کی روحیں بابرکت ہونے کا پائیں گیں جسے وہ بدن میں سے دریافت نہیں کر سکتیں۔۔۔

پُرانا عہد نامہ، جو کہ بلاشبہ ابتدائی کلیسیا کا کلام تھا، وہ" روح" کے جدید نظریہ (یا قدیم یونانی) کے لیے بالکل کوئی لفظ نہیں رکھتا۔ ہمارے پاس مقدس پولس رسول کے یونانی لفظ سائیکی میں اِس جدید لفظ کو پڑھنے کا حق نہیں ہے، کیونکہ اِس کے وسیلہ اُسے یہ بیان نہیں کرنا تھا جو افلاطون کی اِس لفظ سے مُراد تھی، وہ اُسے بیان کر رہا تھا جو یسعیاہ اور جو یسوع کی اِس سے مُراد تھی۔۔۔ یہاں ایک یقینی چیز ہے جسے ہم اِس نقطہ پر کہہ سکتے ہیں اور وہ یہ ہے کہ، روح کی لافانیت کی مشہور تعلیم کو بائبل کی تعلیم میں منظر کشی نہیں کیا جا سکتا (میری تاکید)۔

یہ ایک حیران کر دینے والی حقیقت کے طور پر قائم رہتی ہے کہ تسلی کے پیغام کو لگاتار جنازے کی عبادت پر سُنا جاتا ہے، جس میں جس میں" جُدا ہوئے لوگوں کی روحوں" کو" پہلے ہی سے آسمان" پر ہونے کے لیے کہا جاتا ہے، جو یونانی کے مرکزی فلسفہ کی تصدیق ہے جسے سچائی کے ساتھ بالکل بھی مسیحی نہیں کہا جا سکتا۔

"روح" کا بائبلی تصور

اب ہم" روح" کے بائبلی تصور کی پرکھ میں آگے بڑھتے ہیں۔ یہ اِس اصطلاح کے لیے ہماری سمجھ ہے جو کہ موت کے وقت انسان کی حالت پر ہماری سمجھ کی صورتِ حال ہو گی۔

بائبل کی علم انسان کی بنیاد پیدائش 2 :7 میں لکھی گئی ہے: " اور خداوند خدا نے زمین کی مٹی سے انسان کو بنایا اور اُس کے نتھنوں میں زندگی کا دم پھونکا تو انسان جیتی جان ہوا۔" انسان کی تخلیق کو دو مراحل میں بیان کیا گیا ہے۔ ایک منظم بدن، جو ابھی تک زندگی کے بغیر ہے، اِس کے باوجود، " انسان" ہے۔ انسان کو زمین کی مٹی سے خلق کیا گیا۔ ہم اِس پر زور دیتے ہیں اگرچہ یہ حرکت کے بغیر ہے، بغیر انسان ہونے کے مخلوق، پہلا آدم، جیسے پولس اِسے رکھتا ہے، زمین پر سے، مٹی سے پیدا کیا گیا (1 کرنتھیوں 15 :47)۔ جب زندگی کی سانس اُس کے نتھنوں میں ڈالی گئی، تو انسان جیتی جان بن گیا (فیفش) ہم یہاں بنیادی طور پر اہم عبرانی لفظ نیفش" روح" (جان) کو پاتے ہیں، جس سے انسان کا ذکر کیا گیا ہے، ایک" جیتی جان کے طور پر" ۔ لیکن ہمیں ایک بار اِس پر غور کرنا ہے کہ پیدائش 1 : 20، 21، 24، 30 میں نیفش کا پہلے ہی سے جانداروں کے لیے حوالہ دیا گیا ہے۔ ہمارے انگریزی کے ورژن کے ترجمہ کرنے والے اِس حقیقت کو پوشیدہ رکھتے ہوئے اِسے ہمیں بدسلوکی کے طور پر حوالہ کر چکے ہیں۔ وہ ظاہری طور پر اِس نظریہ کے لیے بہت جکڑے ہوئے تھے کہ لفظ " روح" (جان) کا مطلب غیر فانی روح ہے، صرف اکیلے انسان کی ملکیت ہے، جسے وہ نہ چاہتے ہوئے آشکارہ کرنا نہیں چاہتے تھے کہ" روح" انسان اور جانداروں کی عام مروجہ منسوبیت ہے۔

پیدائش 1 :20 میں، ہم پاتے ہیں کہ، آسمان میں اُڑنے والے جاندار بھی زندہ مخلوق ہیں" (نیفش)۔ 21 آیت میں، "ہر زندہ جان (نیفش) جو حرکت کرتی ہے، 24 آیت میں،" زمین جانداروں کو اُن کی جنس کے موافق پیدا کرے "اور 30 آیت میں،" اور مین کے کل جانوروں کے لیے اور ہوا کے کل پرندوں کے لیے اُن سب کے لیے جو زمین پر رینگنے والے ہیں جن میں زندگی کا دم (نیفش) ہے۔"

فیصلہ کن نقطہ

فیصلہ کن نقطہ جسے ہم یہاں قائم کرتے ہیں وہ یہ ہے کہ نہ تو انسان اور نہ ہی جاندار ایسی زندگی رکھنے والی مخلوقات ہیں جن کا انحصار بدن اور روح پر ہو جسے وجود رکھنے سے الگ اور جاری رکھا جاسکتا ہو۔ دونوں انسان اور جاندار روحیں ہیں، یہ کہ، زندگی کی الٰہی سانس کی آمیزش سے نقل و حمل رکھنے والی جاخبر مخلوقات ہیں۔ زندہ روحوں کے طور پر اُنہیں" روحیں رکھنے" کے طور پر بھی بیان کیا جاسکتا ہے بالکل جیسے کہ انگریزی میں ہم دونوں انسان اور جاندار کو باخبر مخلوقات کے طور پر بیان کرسکتے ہیں یا باخبر وجود رکھنے والے کے طور پر۔ پُرانے عہد نامے کے 23 اقتباسات اور نئے عہد نامے کے ایک اقتباس (مکاشفہ 16 :3) میں، عبرانی لفظ نیفش، روح یا اِس کے مترادف یونانی پسیچے، کو جانداروں کے لیے استعمال کیا گیا ہے۔ ہر معاملے میں" روح" (جان) حرکت، زندگی کے نظریہ کے ساتھ نزدیکی قرابت رکھتا ہے۔ تاہم احبار 17 :11 میں،" کیونکہ جسم کی جان خون میں ہے،" لغوی طور پر،" جسم کی جان خون میں ہے۔"

معنی خیز حقیقت جو" روح"(جان) کے عبرانی تصور اِس پرکھ سے عیاں ہوتی ہے وہ یہ لافانیت ایک لمحے کے لیے اِس ساتھ کبھی منسلک نہیں ہوتی ہے۔ انسان کی تخلیق خدا کی صورت پر ہے جو اُسے ذہانت اور اخلاقی سمجھ بوجھ کی وجہ سے بُلند مرتبہ رکھتی ہے، لیکن جو وہ جاندار بادشاہت کے ساتھ بانٹتا ہے وہ اُسے ایسی ہی موت کے لیے جُھکا دیتا ہے، کیونکہ" انسان اُن حیوانوں کی مانند ہے جو ہلاکت ہوتے ہیں"(زبور 49 : 12)، انسان کو حیوان پر کچھ فوقیت نہیں: جس طرح یہ مرتا ہے اُسی طرح وہ مرتا ہے۔ سب کے سب خاک ہیں اور سب کے سب پھر خاک میں جاملتے ہیں"(واعظ 3 : 19- 20)۔ واعظ کا مصنف آدم کے لیے خدا کے الفاظ کی گونج پیدا کرتا ہے: " تُو خاک ہے اور خاک ہی میں پھر لوٹ جائے گا۔" اِسی لیے، ہمیں حیران نہیں ہونا چاہیے یہ تلاش کرنے کے لیے کہ عبرانیوں فطرتی طور پر مردہ روح کے بارے بات کرتی ہے۔

"جو جان گناہ کرتی ہے وہی مرے گی" (حزقی ایل 18 :4، 20)۔ "یہاں جانیں ہیں جو انسان کے مُردہ جسم (نیفش) سے بے حرمت ہوتی ہیں" (احبار 21 : 11)۔ ہم یہاں روح (جان) (نیفش) کی بہت مفید تعریف پر پہنچ چکے ہیں، کوئی ایک جو باحفاظت اِنہیں پیدائش سے لیکر مکاشفہ تک میں بہت سارے معاملات میں لاگو کر سکتا ہے۔ کیونکہ نیفش اور اِس کے مساوی یونانی پیساچے جب انسان کے لیے لاگو کیا جاتا ہے تو اِسے آسانی کے ساتھ " شخص" کے طور پر ترجمہ کیا جاتا ہے۔ بائبلی " روح" بنیادی طور پر انفرادی ہے، خواہ یہ زندہ شخص کی (جان) ہے یا مردہ شخص کی (جان) ہے۔ بائبل کی زبانوں کی اِس مرکزی حقیقت کی تصدیق کے لیے ہم منفرد برٹش مفکر نیگل ٹرنر سے درخواست کرتے ہیں، جو کرسچن ورڈز ((ٹی اینڈ ٹی کلارک) کا لکھاری ہے۔ وہ نئے عہد نامے کے مساوی عبرانی نیفش کے ساتھ برتاو کرتا ہے:

ہمیں یہ تسلیم کرنا ہے کہ بائبلی یونانی پیساچے کا مطلب " جسمانی زندگی" ہے۔۔۔ اِس کے ساتھ یہ تصور۔۔۔ یہاں بائبلی یونانی کا مطلب " شخصیت" ہے۔۔۔ انسان کی زندگی، اُس کی مرضی، اُس کے جذبات اور اِن سب سے بڑھ کر انسان کی " خودی"۔ اگر انسان اپنی (جان) پیساچے کو کھونے کے لیے ساری دُنیا کو حاصل کرے، تو یہ اُس کے اپنے آپ کے کھو جانے کی نمائندگی کرتا ہے، نہ کہ اُس کے کسی حصے کی۔ جب یہاں کلیسیا میں تقریباً 3000 پیساچے (روحوں) کو شامل کیا گیا تھا (اعمال 2 :41) سب آدمیوں کو شامل کیا گیا تھا۔ ہر پیساچے پر آنے والا خوف ہر شخص پر تھا (اعمال 2 :43) ہر پیساچے کو اِس حالت کے نیچے ہونا تھا (رومیوں 13 :1) اور پورے نئے عہد نامہ میں (اعمال 3 :23، رومیوں 2 :9،16: 3، 1 کرنتھیوں 15 :45، 1 پطرس 3 : 20، 2 پطرس 2: 14، مکاشفہ 16 : 3)۔

ہم اِن اقتباسات میں مکاشفہ 20 :4 کا اضافہ کر سکتے ہیں جو اُن کی " جانوں" کی بات کرتا ہے جنہیں قتل کر دیا گیا تھا۔ اِس اقتباس میں " جانوں" کا مطلب " نکلی ہوئی جانیں" نہیں ہے، جیسے اکثر اِسے غلط طور پر پڑھا جاتا ہے، بلکہ، وہ اشخاص جن کے سر قلم کیے گئے تھے۔ مکاشفہ 20 :4 میں، اُنہیں ہزار سالہ دورِ حکومت میں مسیح کے ساتھ خدمت کے لیے زندہ کیے جانے کے طور پر دیکھا گیا ہے۔ " پیساچے (روح) جو کہ بائبلی یونانی میں یہ ہے اُس کی طرف اشارہ کرتی ہے جو کہ نمایاں صفات کے طور پر انسان ہے، خودی ہے، یہ ایک شخصیت ہے، جسے ہم انا کہتے ہیں۔۔۔ زور ساری خودی پر ہے۔۔۔ مریم کی پیساچے مریم کی انسانی شخصیت تھی۔۔۔ یسوع مجھ سے چاہتا ہے کہ میں اُس پر اپنی ساری شخصیت، انا، اپنے لیے اُس پر تکیہ کروں (متی 11 :29)۔ یسوع نے اپنی جان بھیڑوں کے لیے دے دی" (کرسچن ورڈز، صفحات 418 –420)۔ ہمیں یہاں پُرانے عہد نامے کی نبوت کو یاد دلایا جاتا ہے کہ اُسے اپنی جان (پیساچے) اپنے آپ کو، موت پر انڈیلنا تھا۔

نیگل ٹرنر قرونِ وسطیٰ اور جدید زمانہ کی اصطلاح" جان" کے غلط استعمال کے بارے اُن لوگوں کو خبر دار کرتا ہے جو ہمارے ساتھ فرق استعداد رکھتے ہیں۔وہ نشاندہی کرتا ہے کہ یہ نئی تعریف مظاہر پرست گریس کے لیے اپنی ابتدا کی مقروض ہے اور نہ کہ پُرانے عہد نامے کے لیے۔ڈاکٹر ٹرنر ایسا کہتا تھا: " جان اکثر مسیحیوں سے حامل میں پائی جاتی ہے اگر اِسے جسم میں قید کیا گیا تھا، جیسے افلاطون نے اِس کا قیاس کیا تھا، اور مسیحیوں کی طرف سے ایسا کہا گیا کہ موت کے وقت خدا کی طرف جانا بالکل اُسی طرح ہے جیسے یسوع نے اپنی فینوما(روح) کو چھوڑا جب وہ مرا" (کرسچن ورڈز، صفحہ 421)۔ڈاکٹر ٹرنر نارمان سینتھ کا حوالہ دیتے ہوئے نتیجہ اخذ کرتا ہے(تشریح 1،1974، صفحہ 324): " بائبل میں کسی جگہ غیر فانی جان کی اصلاح نہیں ہے جو موت سے بچتی ہے۔ "

قبل از وقت نتائج کے ساتھ کلام تک پہنچنے کے لیے کہ اصطلاح" جان" کو انسان کے ایک غیر فانی حصے کے طور پر افلاطون کے ساتھ سمجھنا ہے جو موت کے وقت اپنے مادی گھر کو گراتا ہے وہ بنیادی پریشانی کو پیدا کرتا ہے۔اِسے وسیع پیمانے پر جانا نہیں گیا ہے کہ جسے مختلف مفکرین نے" جان" کے معنی کے بارے غیر مجاز قیاس آرائیوں کے خلاف لگاتار احتجاج کیا ہو جو اِس اصطلاح کے لیے بائبلی مسیحی تعریف کی نا سمجھی کو بنانا جاری رکھتی ہے۔اب اِس موضوع پر وسیع مواد ایڈون فارم کی جانب سے دو والیمز میں مطابقت رکھا ہے، ہمارے آباؤ اجداد کا مشروط ایمان(نظر ثانی اور پیغام رسانی، واشنگٹن ڈی۔سی)، ہم فرانز ڈیلیچ کے مشاہدات کا حوالہ دیتے ہیں(1830 –1890) ایک راہنما عبرانی:" یہاں بائبل میں وہ سب کچھ نہیں ہے جو فطرتی غیر فانیت کے مفہوم کی طرف اشارہ کرتا ہوں۔بائبل کے نقطہ نظر سے جان(روح) کو موت کے لیے رکھا جا سکتا ہے، یہ فانی ہے۔" ایک ممتاز امریکی اسقف ڈاکٹر۔جے ڈی۔میک کونل، نے لکھا،"

ابتدائی مسیحیوں کے لیے، اُن کے لیے جنہیں نئے مذہن کے لیے یونانیوں سے لایا گیا تھا پس افلاطونی نظریہ کے ساتھ جان(روح) لازوال تھے، اور یونانی اثر نے ابتدائی کلیسیا میں زور پکڑا۔روح کی فطرتی غیر فانیت کی افلاطونی تعلیم کو قبول کیا گیا۔اِس نظریے کا ابتدا ہی مسیحیت کے وجود سے بچنے کے طور پر مقابلہ کیا گیا"(غیر فانیت کا انکشاف، 1901)۔

حال ہی میں شرعی گوڈج مسیحیت میں یونانی کے نظریہ کو اِس شرمناک بیان کو دیا کہ جب یونانی اور رومی ذہن چرچ کو مغلوب کرنے کے لیے آئے یہاں ایک "آفت آئی جس سے چرچ کبھی اِس سے نجات حاصل نہ کر سکا، خواہ یہ تعلیم تھی یا عمل" (" یہودیوں کا ٹلاوہ،" یہودیت اور مسیحیت پر متجمع مضامین، شئیر اینڈ سنز، 1939)۔

بائبل میں " روح"

اب ہم پیدائش 2 :7 میں، بائبل کی اصطلاح" روح" پر پہنچ چکے ہیں، ہم سیکھتے ہیں کہ انسان میں زندگی کی سانس کا پھونکا جانا مٹی سے بنائے گئے کا نتیجہ زندہ شخصیت میں تشکیل دینا تھا، ایک حرکت کرنے والی مخلوق۔ یہ واضح ہے کہ زندگی کی سانس اِس بقائے حیات کو عنایت کی جاتی ہے جو ایک زندہ شخص کو یا روح کو ایک مُردہ شخص یا جان کے مخالف بناتی ہے۔ زندگی کی سانسن (روحا۔ روح) انسان اور جاندار کی مشترکہ ملکیت ہے، جیسا کہ ہم پیدائش 7 : 14 میں سے سیکھتے ہیں جہاں،" ہر قسم کا جانور اور ہر قسم کا چوپایہ اور ہر قسم کی چڑیا یہ سب کشتی میں داخل ہوئے، اور جو زندگی کا دم رکھتے ہیں اُن میں سے دو دو کشتی میں نوح کے پاس آئے۔"

لفظ" دم" یہاں اہم عبرانی لفظ روحا کی نمائندگی کرتا ہے۔ اِسی باب کی 22 آیت میں، طوفان میں زندگی کی تباہی کو اِس بیان میں اختصار کیا گیا ہے کہ" خشکی کے سب رینگنے والے جاندار جنکے نتھنوں میں زندگی کا دم تھا مر گئے۔" انسان اور حیوان کی مشترکہ قسمت کو واعظ 3: 19 میں بیان کیا گیا ہے:" کیونکہ جو کچھ بنی آدم پر گزرتا ہے وہی حیوان پر گذرتا ہے۔ ایک ہی حادثہ دونوں پر گذرتا ہے جس طرح یہ مرتا ہے اُسی طرح وہ مرتا ہے۔ ہاں سب میں ایک ہی سانس ہے اور انسان کو حیوان پر کچھ فوقیت نہیں کیونکہ سب بطلان ہے۔ سب کے سب ایک ہی جگہ جاتے ہیں، سب کے سب خاک سے ہیں اور سب کے سب پھر خاک سے جا ملتے ہیں۔" موت پر، وہی مصنف کہتا ہے، انسان اور جانور کی روح(روحا) خدا کی طرف واپس پلٹتی ہے جس نے اُسے یہ دی(واعظ 3 : 20، 12 :7)۔ زبور نویس اِسی نظریہ کو بانٹتا ہے۔ تخلیق کردہ مخلوقات عام مروجہ طور پر یکساں اختتام پر پہنچتی ہیں، کیونکہ " کیونکہ خدا اُن کی سانس(روحا) لے لیتا ہے، وہ مرتے ہیں اور واپس خاک میں لوٹ جاتے ہیں" (زبور 104: 29)۔ انسان کی بے ثباتی کا جوہر بائبل کے مصنفین کے لیے اِس حقیقت کے ساتھ جُڑتا ہے کہ

موت کے وقت اُس کی سانس (روحا) اُس کے پاس سے چلی جاتی ہے، وہ زمین کی طرف واپس لوٹ جاتا ہے، اور "اُسی دن اُس کے خیالات فنا ہو جاتے ہیں" (زبور146 :4)، کیونکہ اگر خداوند" اپنے آپ کو انسان کی جان اور دم کے لیے اکٹھا کرتا ہے، تو ساری انسانیت اکٹھی فنا ہوتی ہے، اور انسان دوبارہ واپس خاک میں لوٹ جائے گا" (ایوب 34 :14، 15)۔

پُرانے عہد نامے میں روحا ایک ناقابلِ دید حیاتی طاقت ہے جو مخلوقات کو زندہ رکھتی ہے۔ یہ ایک چلنے والی توانائی ہے جو دماغ اور اعصابی نظام کے کام کرنے کا قائم رکھتی ہے۔ جب روحا کو بدن سے نکال لیا جاتا ہے، تو وہ مخلوق مرتی ہے اور الٰہی قدرت اُس کی طرف لوٹ جاتی ہے جس نے اسے دیا ہوتا ہے۔ مخلوق موت پر بے ضمیر بن جاتی ہے، اب روحا ،اُس کے احساس کا ذریعہ جو وجود رکھتا تھا، مٹا دیا جاتا ہے۔ اِس پر بہت مضبوطی سے زور نہیں دیا جاسکتا کہ بائبل کی اصطلاح،" روح" " جان" نہیں ہے، جو جسم سے ہٹ کر باضمیر وجود کے قابل حقیقی شخصیت ہے۔ یہ روح زندگی کی طاقت ہے جو حرکت پیدا کرتی ہے۔ نئے عہد نامے میں، اور یہ سچ ہے کہ، روح الٰہی زندگی کی نشست پر عہدہ دینے کے لیے آتی ہے جو روح القدس کی طرف سے بخشا جاتا ہے۔ جیسے نیگل ٹرنر کہتا ہے، پینوما اور صفت پینوماٹیکوس ہماری فطرت کی روحانی سمت کا حوالہ رکھتے ہیں۔" بہر کیف تقریباً یہ معلوم کرنا ناممکن ہے آیا کہ یہ حوالہ جات جن کا مقدس پولس رسول حوالہ دیتا ہے ایماندار کا اپنا پینوما ہے یا روح القدس کے لیے ہے" (کرسچن ورڈز، صفحہ 427)۔ اب پینوما کو ابھی تک اصل سمجھ میں یعقوب2 :26 میں زندگی کی طاقت کے طور پر استعمال کیا گیا ہے:" بدن بغیر روح کے مرُدہ ہے" یہ موزوں ہے، اِسی لیے، اِس موت کو دو نئے عہد نامے کے اقتباسات میں روح کے حوالہ کیے جانے کے طور پر بیان کیا گیا ہے۔ یسوع نے کہا:" اے باپ میں اپنی روح تیرے ہاتھوں میں دیتا ہوں، اور یہ کہہ کر دم دے دیا" (لوقا23 :46)۔ اور اعمال7 : 59، 60 میں، استفنس نے کہا:" اے خداوند میری روح کو قبول کر اور یہ کہہ کر سو گیا۔" 3

ہمیں بہت محتاط رہنا ہے کہ اِن اقتباسا میں یونانی نظریہ کو نہ پڑھا جانا کہ" روح" کا یہاں مطلب یہ ہے کہ حقیقی شخص اب برخاست کی جانے والی روح کے طور پر باضمیر طور پر وجود رکھتا ہے۔ ایسا کرنے سے یونانی فلسفہ کی بہت مختلف دُنیا کو اُچھلنا ہے۔ ہم یہاں اِس بحث کے بہت دوٹوک معاملے پر ہیں۔ بائبل کا نظریہ یہ ہے کہ

استفنس سو گیا، اُس نے کہیں اور جا کے زندہ رہنے کو جاری نہ رکھنا۔ وہ، استفنس، کی ابھی تک شناخت مُردہ بدن کے ساتھ ہے، بالکل جیسے یسوع، مکمل شخص، مرا اور جب الٰہی زندگی، دی جانے والی روح واپس لے لی گئی، اِس نظریہ کے ساتھ سپرد کر دی گئی کہ قیامت کے آخری لمحے اِس کی تجدید ہو گی۔ قیامت پر مُردہ انسان قبر سے جی اُٹھتا ہے جہاں وہ خاک میں سو رہا ہوتا ہے اُس لمحے تک جب تک کہ وہ جی نہ اُٹھے (دانی ایل12 :2) ۔اِسی طرح، لعزر سو گیا تھا، زمانہ کامل اِسے بالکل واضح بناتا ہے کہ نا صرف وہ سو گیا تھا بلکہ اپنی قیامت تک سونے کی حالت میں رہا، اور جب " یسوع نے اُس کی موت پر بات کی" ، لعزر مُردہ تھا اور اُس وقت تک مردہ رہا جب تک اُسے قبر میں زندگی کے لیے بُلایا نہیں گیا تھا(یوحنا11 : 11،14،43،44)۔

ہمیں اِس پر زور دینا ہے کہ روح کی روانگی کا یہ مطلب نہیں ہو سکتا کہ انسان خود ایک دوسرے مقام کے لیے مکمل طور پر ہوشمندی کے ساتھ جُدا ہو جاتا ہے۔ کلام کو پڑھنے کے لیے جیسے اِس کا مطلب ہے اُسے روح کے یونانی نظریہ میں سادہ طرح پڑھنا ہے جیسے باخبر وجود موت سے بچنے کے قابل ہوتا ہے۔ لیکن بائبل کا مطالعہ کرتے ہوئے ایک اجنبی یونانی نظریہ، جو عبرانی سوچ کے خلاف ہے، یہ سوچ کی دو مختلف دُنیاوں کو گڈ مڈ کرنا ہے۔ اِس کا نتیجہ صرف پریشانی ہو سکتا ہے جو رسولوں اور ہمارے مابین رابطے کی کمر توڑنے کی طرف راہنمائی کرتا ہے، کیونکہ روحانی ریکارڈز میں ہمارے اپنے روایتی نظریہ پیش از وقوع کو متعارف کرانے سے، اور بنیادی الفاظ جیسے کہ " روح" اور" جان" کے لیے ہماری اپنی یویانی تعریفوں کو مہیا کرنے سے، ہم بائبل کی سمجھ کے خلاف ایک موثر رکاوٹ نصب کرتے ہیں۔ ہم موت کی حقیقت پر بائبل کے نمونے سے انکار بھی کرتے ہیں، اور یسوع کے معاملے میں، ہمارے گناہوں کے لیے اُس کی موت سے بھی انکار کرتے ہیں، کیونکہ ہم نے ہمیشہ یہ یقین رکھا انسان ایک باخبر نکالی ہوئی روح کے طور پر قائم رہتا ہے، ہم قیاس کرتے ہیں کہ نئے عہد نامے کے مصنفین دو طریقوں سے اِس خیال کو ہم تک باہم پہنچانے کا قصد رکھتے تھے جس میں روح روح کو واپس خدا کی طرف جانے کا کہا گیا۔ اور ہم ایک نکالی ہوئی روح4 کے طور پر پہلے سے فانی حالت میں انسان کے وجود رکھنے کے لیے کلام کے دیے گئے کسی اقتباس میں مکمل غیر حاضری کے ساتھ اِس سے باز رہتے ہیں۔ یہ سیکھنے کے لیے ایک دھچکے کے طور پر آتا ہے کہ نئے عہد نامے کے ایک واحد حوالہ میں اِس خالی حالت کا تعلق موت کے ساتھ ہے،

حوالہ ایسی حالت کے لیے جسے پولس ارادۃً سمیٹتا ہے! ہم نئے بدن کے پہناوے کی آرزو کرتے ہیں، وہ کہتا ہے،" تاکہ ملبس ہونے کے باعث ننگے نہ پائے جائیں۔۔اِس لیے نہیں کہ یہ لباس اُتارنا چاہتے ہیں" (2 کرنتھیوں 5 :3،4)۔ ہمارے مفکرین ا،س اقتباس کی بنیاد کی نشاندہی کرنے میں درست ہیں کہ،" نکالی ہوئی روح کا نظریہ عبرانی ذہن کے مخالف ہے" (الان رچڑسن ،نئے عہدنامے کی الہیات کا تعارف، صفحہ 196، تاکید کا اضافہ) ۔اب درست طور پر یہ ایک ایسی حالت ہے جس کا ہم موت کے لیے سامنا کرتے ہیں، حقیقی اُمید کو اجازت دیتے ہوئے، کہ تمام بنی نوع انسان کی موت سے زندگی کے لیے قیامت ہوگی۔قیامت کی مرکزی تعلیم کے ساتھ کسی قسم کی مداخلت کو ہمارے مستقبل کے لیے کلام کے نظریہ کو دھمکائے جانے کے طور پر بہت سنجیدگی سے لیا جائے گا۔ہمیں ہر قیمت پر مسیح کی واپسی پر تمام مرحوم ایمانداروں کی مستند قیامت پر زور دینا ہے۔کیونکہ تمام ایماندار اِس عظیم واقعہ کا بڑی بے تابی سے انتظار کرتے ہیں، جبکہ یماندار مرُدے اپنی قبروں میں آرام سے ہیں(دانی ایل12 : 13)۔

باب نمبر3

مرُدہ کی حالت اور اُس کی جگہ

اگر انگریزی ورژن میں نیفش یا" جان" کے متضاد ترجمہ اِس حقیقت کو غیر واضح کرتا ہے کہ دونوں جاندار اور انسان جان پر قابض ہیں، تو ایک بہت ہی سنجیدہ الجھاو کو اِس لفظ" جہنم" کے بے شعور استعمال سے متعارف کرایا گیا تھا جس کا رجحان بائبل کی بالکل فرق دو اصطلاحات کی جانب ہے: 5 اِن میں سے ایک اُن تمام مرُدوں کی جگہ کو بیان کر رہی ہے اور اِس جگہ کا ایک دوسرا معنی بدکار کے لیے مستقبل میں آنے والی سزا ہے، جیسے کہ،" جہنم کی آگ۔" پُرانے عہد نامے میں لفظ برزخ(یونانی کے مساوی عالمِ ارواح)،" جہنم"،" قبر" "گڑھا" " وہ جگہ جہاں تمام، دونوں راست اور ناراست، موت کے وقت جاتے ہیں" کا حوالہ پیش کرتا ہے۔ اِس مقام کو زمین کے نیچے ہونے کے طور پر بیان کیا گیا ہے، کیونکہ جب قورح، داتن اور ابیرام کو مرنے کا حکم دیا گیا،" تو زمین نے اپنا منہ کھولا اور اُنہیں نِگل لیا، اور اُن کے گھر اور وہ سب لوگ جن کا تعلق کورہ سے تھا اور اُن کی تمام چیزیں نگل لی گئیں۔ وہ اور اُن سے متعلقہ تمام چیزیں نیچے زندہ پاتال میں اُتر گئیں اور زمین نے اُنہیں چھُپالیا" (گنتی16 : 31،32)۔ یہاں شک کی گنجائش نہیں ہے کہ پُرانے عہد نامے کے مطابق تمام روحیں، نیک وبد، موت کے وقت برزخ(عالمِ ارواح) میں بھیجی جاتی ہیں، جو کہ موت کی دُنیا ہے۔ زبور نویس کہتا ہے: " وہ کونسا آدمی ہے جو جیتا ہی رہے گا اور موت کو نہ دیکھے گا اور اپنی جان کو پاتال کے ہاتھ سے بچالے گا؟"(زبور 89 : 48)۔ مسیح کی بات کرتے ہوئے، یہی سچ داود کی طرف سے بیان کیا گیا تھا، کہ اُس کی جان۔ وہ خود

"عالمِ ارواع میں چھوڑا نہیں جانا چاہیے "(زبور 16 : 10، اعمال 2 :27، 31)۔ اور یعقوب، یوسف کے غائب ہونے کو سُنتے ہی، تسلی نہ پانے سے انکار کیا اور کہا،" میں تو ماتم ہی کرتا ہوا اپنے بیٹے سے قبر میں جا مِلوں گا "(پیدائش 37: 35)۔ یسعیاہ 5 :14 میں موت کو پانے کے لیے خود پاتال کو ایک وسیع طور پر بیان کرتا ہے جو نیچے اِس میں چلا گیا۔ یسعیاہ 14 :11 میں، بابل کے بادشاہ کی شان و شوکت اور 15 آیت میں خود بادشاہ نیچے پاتال میں چلا گیا۔ یہاں دیگر بادشاہ ہیں جو وہاں قبروں میں پڑے ہوئے ہیں۔(آیت 18)۔ 6 بالکل ایسا ہی اقتباس " لاشوں (آیت 19) ،" دفن کیے جانے " (آیت 20) کا حوالہ دیتا ہے، اور یہ ساری تصویر اِس بات کی تصدیق کرتی ہے کہ جو کچھ ہم پوری بائبل میں پاتے ہیں کہ، پاتال (عالمِ ارواح) مرُدوں کی دُنیا ہے۔ جسے ہم درست طور پر قبرستان کے طور پر بیان کرسکتے ہیں ۔ اِس کی ایک دلچسپ تصدیق مکاشفہ 20 : 13 میں رونما ہوتی ہے جہاں سمندر کے مرُدوں کو ظاہری طور پر پاتال کے مرُدوں سے الگ کیا گیا ہے۔

موت کی نیند

پاتال / عالمِ ارواح میں مرُدہ کی حالت کو لگاتار کلام میں سونے کی حالت کے طور پر بیان کیا گیا ہے۔ پاتال عذاب کی جگہ نہیں ہے، کیونکہ یہ دونوں بدکار اور ایمانداروں کی حامل ہے۔ عبرانی شاچو (" نیند") جانے پہچانے انداز میں بار بار رونما ہوتی ہے کہ وہ ایک جو مر گیا ہے،" وہ اپنے آباواجداد کے ساتھ سو گیا" (1 سلاطین 2 :10 وغیرہ)، جیسے کہ، وہ اپنے پیش رو کے ساتھ شامل ہوا جو پہلے ہی سے سو رہے تھے۔ اِس بہت زیادہ کہے جانے والے جُملے سے، غیر مشابہ طور پر موت کے بارے " گزر جانے " یا" گھر جانے " کے طور پر ہماری مشہور زبان کے غیر مشابہ ہے، ہم سیکھتے ہیں مرُدے اطمینان کی حالت میں آرام کرتے ہیں۔ یہاں کوئی ایسا سُراغ نہیں کہ حقیقی شخص نہیں سویا تھا بلکہ روح کے طور پر کسی اور جگہ زندہ تھا! زبور 6 :5 سے، ہم یہ دریافت کرتے ہیں کہ " موت کے بعد تیری یاد نہیں ہوتی"، واعظ 9 :5 سے یہ کہ " مرُدے کچھ نہیں جانتے۔" زبور 13 :3 موت کی نیند کی بات کرتی ہے اور زبور 146 :4 خاص طور پر موت کے عمل کو بیان کرتی ہے: " اُس دن اُس کے منصوبے فنا ہو جاتے ہیں" کیونکہ "مرُدے خداوند کی ستائش نہیں کرتے نہ وہ جو خاموشی کے عالم میں اُتر جاتے ہیں" (زبور 115 :17)۔ دانی ایل ایسٹالوجیکل قیامت کی تلاش کرتا ہے اور مرُدوں کو اُن کے خاک میں سونے سے جاگنے کو دیکھتا ہے۔ یہ ایسا نہیں ہے

مرُدے ایک مرتبہ جب سو جاتے ہیں اور پھر جلدی سے روحوں سے جُدا ہو کر قیامت کے وقت اپنے اجسام کو باخبر طور پر حاصل کر لیتے ہیں۔ ایسا کوئی بھی خیال ممکنہ طور پر کلام کے ریکارڈ میں نہیں ہے کیونکہ دانی ایل 12 :2اُن کے زندہ کیے جانے کے طور پر جو زمین کی خاک میں سو رہے ہیں کے طور پر بغیر کسی غلطی کے ہمارے لیے قیامت کو بیان کرتی ہے۔ وہ اُس وقت تک خاک میں ہوتے ہیں جب تک کہ وہ زندگی کے آنے والے زمانے میں حصہ لینے کے لیے ظاہر نہیں ہو جاتے۔7

درست طور پر یہی سچ کو ایوب 14 : 11- 15 میں سکھایا گیا ہے۔ یہاں ایوب قیامت کے نظارے کی نیت کرتا ہے: "بلکہ انسان دم چھوڑ دیتا ہے اور پھر وہ کہاں رہا؟ جیسے جھیل کا پانی موقوف ہو جاتا اور دریا اُترتا اور سوکھ جاتا ہے ویسے ہی آدمی لیٹ جاتا ہے اور اُٹھتا نہیں۔ جب تک آسمان ٹل نہ جائے وہ بیدار نہ ہونگے اور نہ اپنی نیند سے جگائے جائیں گے۔ کاش کے تو مجھے پاتال میں چھُپا دے اور جب تک تیرا قہر ٹل نہ جائے مجھے پوشیدہ رکھے اور کوئی معین وقت میرے لیے ٹھہرائے اور مجھے یاد کرے! اگر آدمی مر جائے تو کیا وہ پھر جیئے گا؟ میں اپنی جنگ کے کُل ایام میں منتظر رہتا جب تک میرا چھٹکارہ نہ ہوتا۔ تُو مجھے پُکارتا اور میں تجھے جواب دیتا تجھے اپنے ہاتھوں کی صنعت کی طرف رغبت ہوتی۔"

لعزر کا زندہ ہونا

نئے عہد نامے میں قیامت پر بہت زیادہ زور دیے جانے کے ساتھ نیند پر ایسی حالت کے طور پر زور دیے جانے کے مترادف ہے جو اِس کی پیش روی کرتی ہے۔ متی 27 : 52 میں ہم پڑھتے ہیں کہ " اور بہت سے جسم اُن مقدسوں کے جو سو گئے تھے جی اُٹھے،" یہ کہ، مقدسین موت کی نیند سے جاگ گئے۔ یوحنا 11 :11 میں، جس کی طرف پہلے ہی سے مختصر طور پر اشارہ کر چکے ہیں، لعزر کی کہانی ہمیں خود خداوند کی طرف سے موت کی 'کارگیری' کی واضح تفصیل دیتی ہے۔ یسوع، عزر کی موت سے پوری طرح آگاہ ہوتے ہوئے کہتا ہے،" ہمارا دوست لعزر سو گیا ہے، لیکن میں اِسے جگاؤنگا۔" یوحنا کہتا ہے کہ، یسوع، لعزر کی موت کی بات کر چُکا تھا، اگرچہ اُس کے شاگرد اُس کے الفاظ کو فطرتی نیند کے معنی میں لے چکے تھے۔ پس پھر یسوع نے اُن سے واضح طور پر کہا: " لعزر مر گیا ہے۔" اِس کی بہترین تفصیل جو یہ بیان کرتی ہے کہ کیسے خداوند نے ایک مرُدہ شخص کو قبر میں سے بُلایا: اور وہ جو مر گیا تھا، کعتانی کپڑے ہاتھ اور پاوں بندھے ہوئے باہر نکل آیا۔"

